الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **nadeem**
Address :> **nandurbar,india**
Subject :> **AQAID**
Writer :> طاہر مسعود

Serial No :> **9542**
Fatwa No :>
Date :> **8/31/2010**
Email :>

mera swal ye hai k jab ek jannati ko jannat me 70 70 hure milegi toh jannati orto ko kya milega?

میرا سوال یہ ہے کہ جب ایک جنتی کو جنت میں 70، 70 حوریں ملیں گی تو جنتی عورت کو کیا ملے گا؟

الجواب حامداً ومصلیاً

مؤمن عورتوں کو ان کے شوہر ملیں گے جنہیں جنتی قوت اور حسن وغیرہ صفات عطا کی جائیں گی۔ اگر کسی عورت نے دنیا میں شادی نہ کی ہو تو اس کو اختیار دیا جائے گا کہ جس مرد سے چاہے نکاح کرلے اور اگر وہ کسی کو پسند نہ کرے تو حق تعالیٰ حور عین میں سے ایک مرد پیدا کرکے اس کے ساتھ اس کا نکاح کردیں گے جس عورت کے کئی نکاح یکے بعد دیگرے ہوئے تو اس میں دو قول ہیں: ۱۔ آخری خاوند سے اس کا نکاح ہوگا۔ ۲۔ اسے اختیار دیا جائے گا کہ جس خاوند سے چاہے نکاح کرلے۔

کما فی مجموعۃ الفتاوی عن الغرائب: ولو ماتت قبل ان تتزوج تخیر ایضاً ان رضیت بآدمی زوجت منہ وان لم ترض فاللہ یخلق ذکراً من الحور العین فیزوجہا منہ (ج: ۱، ص: ۱۰۲)۔

وفیہ ایضاً: اختلف الناس فی المرأۃ التی یکون لہا زوجان فی الدنیا، لایہما تکون فی الآخرۃ قیل تکون لآخرہما وقیل تخیر فتختار ایہما شاء (ایضاً)۔

واللہ اعلم

محمد طاہر مسعود عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی نمبر ۱۶

۱۵/۳/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۵ ربیع الاول ۱۴۳۱

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۵ ربیع الاول ۱۴۳۱

دار الافتاء
۹۵۴۲
۱۴۳۱/۳/۲۳

913